چالیس حدیثیں یاد کرنے کی فضیلت کس کو ملے گی؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-3483

تاریخ اجراء: 20 رجب المرجب 1446ھ / 21 جنوری 2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ہم عام مسلمان اس حدیث کی فضیلت کیسے پا سکتے ہیں، جس میں نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: "میری امّت میں سے جو شخص چالیس احادیث حفظ کرے گا جن سے اُمّت نفع اٹھائے اللہ پاک اسے بروزِ قیامت فقیہ وعالم کی حالت میں اٹھائے گا۔" کیا احادیث کو یاد کرنے اور دوسروں تک پہنچانے سے یہ فضیلت حاصل ہو سکتی ہے۔؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اس روایت میں چالیس حدیثیں حفظ کرنے سے مراد ان کو کسی بھی طرح امت تک پہنچانا ہے، خواہ زبانی یاد کر کے پہنچائے یا بغیر زبانی یاد کیے پہنچا دے، کیونکہ مقصود تو ان احادیث سے امت کو فائدہ پہنچانا ہے جیسا کہ خود روایت میں آگے الفاظ ہیں اور امت کو احادیث سے فائدہ تبھی پہنچے گا جب وہ حدیثیں ان تک پہنچیں گی، کیونکہ اگر کوئی صرف احادیث زبانی یاد کر لے لیکن امت تک نہ پہنچائے تو اس سے تو امت کو فائدہ حاصل نہیں ہو گا، اور ان تک حدیثیں پہنچانے کے لیے زبانی یاد کرنا ضروری نہیں، زبانی یاد کیے بغیر بھی پہنچا سکتا ہے جیسے اوپر سے دیکھ کر سنا دے یا چھاپ کر تقسیم کر دے وغیرہ۔

علامہ علی قاری حنفی رَحْمَۃُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1014ھ / 1605ء) مرقاۃ المفاتیح میں تحریر فرماتے ہیں: "قال الامام النووي: المراد بالحفظ هنا نقل الأحاديث الأربعين إلى المسلمين وإن لم يحفظها ولا عرف معناها، هذا حقيقة معناه وبه يحصل انتفاع المسلمين، لا بحفظها ما لم ينقل إليهم" ترجمہ: امام نووی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: **یہاں احادیث یاد کرنے سے مراد مسلمانوں تک چالیس احادیث پہنچانا ہے، اگرچہ یاد نہ ہوں** اور نہ ان کے معانی جانتا ہو۔ یہ اس فضیلت کے معنی کی حقیقت ہے اور اسی ذریعے سے (یعنی مسلمانوں تک پہنچانے کے ذریعے سے ہی) مسلمانوں کو نفع پہنچے گا، نہ کہ صرف ان کو یاد کرنے سے جب تک ان حدیثوں کو

مسلمانوں تک نہ پہنچائے۔(یعنی صرف یاد کر لینے اور آگے نقل نہ کرنے سے مسلمانوں کو نفع نہیں پہنچے گا)۔(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، جلد1، صفحہ328، دار الفکر، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net